# علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی، اسلام آباد

## شعبہ ابلاغ عامہ.

کورس: اصولِ صحافت۔الف(5623/9253)　　　　　　　　　　　　　　　　　　　　سمسٹر: خزاں2026

سطح: بی ایس / ایم اے

## درسی مواد برائے طلبہ

عزیز طلبہ !السلام علیکم۔

کورس:اصول صحافت(5623/9253) کے تعلیمی سفر کے آغاز پر نیک خواہشات قبول کریں۔کورس کے مطالعہ کے دوران درج ذیل نکات مدنظر رکھنے سے آپ کی تعلیم زیادہ بامقصد اور مفید ہو سکتی ہے۔

1۔امتحانی مشق مطالعے اور کتاب سے ذہنی ہم آہنگی جانچنے کے لئے حل کروائی جاتی ہے اس حوالے سے مشق میں اچھے نمبر اسی صورت حاصل کئے جاسکتے ہیں جب مشق ہو بہو کتاب سے نقل نہ کی گئی ہو۔کتاب کا اچھی طرح مطالعہ اور مفہوم کو سمجھنے کے بعد اپنے الفاظ میں تمام سوالات حل کرنے کی کوشش کریں۔

2۔مشق حل کرتے وقت کتب خانوں میں بھی متعلقہ دیگر کتب کا مطالعہ کریں۔

3۔اس کے علاوہ صحافت کے عملی پہلوؤں کا تنقیدی جائزہ لینا بھی آپ کے لئے بے حد ضروری ہے۔ہمارا مشورہ ہے کہ اخبار کا مطالعہ باقاعدگی سے کیا کریں۔اس میں موجود خبروں، کالموں، اداریوں اور دوسرے مواد کی نوعیت کو اپنی درسی کتاب میں بیان کیے گئے صحافت کے اصولوں کی روشنی میں دیکھنے کی کوشش کریں۔

نوٹ:　　کورس سے متعلق کوئی مشکل یا شکایت ہو تو یونیورسٹی کے شعبہ ابلاغ عامہ سے رابطہ کریں۔

**ڈاکٹر اسد منیر**

کورس رابطہ کار

# علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی، اسلام آباد

## شعبہ ابلاغ عامہ.

**وارننگ**

عزیز طلبہ ! آپ یہ بات ذہن نشین کر لیں کہ

- 1 اگر آپ اپنی امتحانی مشق میں کسی اور کی تحریر میں سے مواد چوری کر کے لکھیں گے یا آپ اپنی امتحانی مشق کسی دوسرے سٹوڈنٹ سے لکھوائیں گے تو آپ سرٹیفکیٹ یا ڈگری سے محروم ہو سکتے ہیں، خواہ اس کا علم کسی بھی مرحلے پر ہو جائے۔

- 2 کسی دوسرے سے ادھار لی گئی یا چوری کی گئی امتحانی مشق پر علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی اسلام آباد Plagiarism Policy کے مطابق سزا دے گی۔

کورس: اصول صحافت۔الف(5623/9253) سمسٹر: خزاں2026

سطح: بی ایس / ایم اے

برائے مہربانی امتحانی مشقیں حل کرنے سے پہلے درج ذیل ہدایات کو غور سے پڑھیے۔

1۔ تمام سوالات کے نمبر مساوی ہیں البتہ سوال کی نوعیت کے مطابق نمبر تقسیم ہوں گے۔
2۔ سوالات کو توجہ سے پڑھیے اور سوال کے تقاضے کے مطابق جواب تحریر کیجیے۔
3۔ ہاتھ سے تحریر شدہ یا سکین (scanned) کی گئی امتحانی مشقیں قبول نہیں کی جائیں گی۔
4۔ ٹائپ کی گئی امتحانی مشقیں (word یا PDF فارمیٹ) میں LMS پر بروقت یا مقررہ تاریخ سے قبل اَپ لوڈ کیجیے۔
5۔ مقررہ تاریخ کے بعد / تاخیر کی صورت میں امتحانی مشقیں اپ لوڈ نہ ہو سکیں گی جس کی تمام تر ذمہ داری طالب علم پر ہو گی۔
6۔ آپ کے تجزیاتی اور نظریاتی طرزِ تحریر کی قدر افزائی کی جائے گی۔
7۔ غیر متعلقہ بحث / معلومات اور کتب، سٹڈی گائیڈ یا دیگر مطالعاتی مواد سے ہو بہو نقل کرنے سے اجتناب کیجیے۔

کل نمبر: 100 کامیابی کے نمبر: 50

### امتحانی مشق نمبر 1

(یونٹ 1 تا 4)

سوال نمبر 1 – قیام پاکستان کے بعد نمایاں اردو اور انگریزی اخبارات کی صحافتی خدمات اور موضوعاتی تنوع کا جائزہ لیں۔ (20)

سوال نمبر 2 – برصغیر میں جنگجویانہ صحافت سے کیا مراد ہے؟ نیز اس طرز صحافت میں کون سے مسلمان صحافی پیش پیش رہے؟ بیان کریں۔ (20)

سوال نمبر 3 – صحافتی نظریات کیسے وجود میں آئے؟ مختلف ادوار میں رائج صحافتی نظریات کا دور حاضر سے تقابلی جائزہ پیش کریں۔ (20)

سوال نمبر 4 – آزادیِ صحافت کے نظریے کی وضاحت کریں اور جدید ڈیجیٹل میڈیا کے تناظر میں اس کی اہمیت بیان کریں۔ (20)

سوال نمبر 5 – صحافتی زبان میں اختصار، سلاست اور تاثیر کی اہمیت بیان کریں۔ مؤثر صحافتی اسلوب کی خصوصیات بھی واضح کریں۔ (20)

کل نمبر: 100　　　　　　　　　　　　　　　　　　　　　　　　　　کامیابی کے نمبر: 50

## امتحانی مشق نمبر2

(یونٹ 5 تا 9)

سوال نمبر 1 –ادارتی پالیسی کی تشکیل میں مدیر کے کردار پر تفصیلی بحث کریں۔ نیز اخبار کی تدوین کے اہم مراحل بیان کریں۔ (20)

سوال نمبر 2 –ایک مؤثر اور دلکش اخبار کی تزئین کے بنیادی اصول واضح کریں۔ نیز اخباری سرخیوں کی اقسام اور اہمیت بیان کریں۔ (20)

سوال نمبر 3 –آن لائن صحافت کی افادیت اور اثرات کا جائزہ لیں۔ نیز آن لائن صحافیوں کو درپیش اخلاقی اور پیشہ ورانہ مسائل بیان کریں۔ (20)

سوال نمبر 4 -اداریہ اور کالم میں فرق کی وضاحت کریں۔ نیز پاکستان کے چند نمایاں کالم نویسوں کا تذکرہ کریں۔ (20)

سوال نمبر 5 –مطبوعہ صحافت میں رونما ہونے والی تبدیلیوں اور مستقبل کے امکانات پر بحث کریں۔ (20)